# 10510 ـ قمار بازی سے توبہ

**سوال**

میں نے بہت زیادہ قمار بازی کی اور جوا کھیلا ہے، میں توبہ کیسے کروں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کو چاہیے کہ فوری طور پر قمار بازی اور جوا ترک کردیں، اور برے دوست واحباب اور دوکانوں اور برائی کے آلات سے چھٹکارا حاصل کرتے ہوئے انہیں چھوڑ دیں، اور اس کے ساتھ ساتھ جو کچھ ہو چکا اس پر ندامت کا اظہار کریں، اور آئندہ کے لیے پختہ عزم کریں کہ اس کام کی طرف پلٹ کر بھی نہ دیکھونگا، اور پھر صدقہ و خیرات بھی کریں.

اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث ہے:

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے قسم کھاتے ہوئے لات اور عزی کی قسم کھائی، اسے فورا لا الہ الا اللہ کہنا چاہیے، اور جس نے اپنے دوست کو قمار بازی اور جوا کھیلنے کی دعوت دی تو وہ صدقہ و خیرات کرے"

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

علماء کرام کا کہنا ہے کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برائی کے متعلق بات کرنے پر ہی اسے صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے، تا کہ وہ برائی میں کی گئی کلام کا کفارہ بن سکے.

اور خطابی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اس کا معنی یہ ہے کہ: وہ صدقہ بھی اتنا کرے جتنی مقدار کی اس نی قمار بازی کرنا تھی.

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

صحیح وہی ہے جس پر محققین حضرات ہیں ۔ اور حدیث کا ظاہربھی یہی ہے ۔ کہ اس سے مقدار خاص نہیں ہوتی، بلکہ جتنا اس کے پاس میسر ہو سکے وہ صدقہ و خیرات کرے، جس پر صدقہ کا نام بولا جا سکتا ہو، اور اس کی تائید دوسری روایت سے ہوتی ہے جس میں ہے کہ " وہ کچھ صدقہ کردے" .